بیان کیا گیا ہے جبکہ باب ہفتم غامدی صاحب کے حوالے سے ''فتاویٰ جات'' ہیں، مفتی حمید اللہ جان صاحب کا فتویٰ انکے غیرت ایمانی یا دینی جذبے کا مظہر ہے، فتاویٰ جات میں مطابقت پیدا کرنے کی کافی گنجائش ہے مثلاً ایک فتوے کے نزدیک زندیق دوسرے کے مطابق دائرہ اسلام سے خارج تیسرے کے مطابق اہل سنت سے خارج ہے جبکہ آخری فتویٰ میں ملحد اور بے دین ثابت کیا گیا۔ بیک ٹائٹل پر غامدی صاحب کے کتابوں سے لئے گئے اقتباسات ان کے دینی تعبیر کو جمہور سے منحرف ہونے میں کافی ممد ومعاون ثابت ہوتے ہیں۔ بہر حال ۶۰۰ صفحات پر مشتمل مسلکی جذبات سے معمور یہ ضخیم نمبر مولانا احسن خدامی، حمزہ احسانی، مولانا جمیل الرحمٰن عباسی سمیت تمام ٹیم کی محنتوں کا ثمرہ ہے یقیناً وہ اس تحقیقی اور علمی اشاعت پر ہم سب کی طرف سے شکریے اور تحسین کے مستحق ہیں۔ آخر میں ایک تجویز: کتاب پڑھتے وقت اکثر جگہوں پر تحریر کا لب ولہجہ انتہائی جارحانہ ہوجاتا ہے، اگر غامدی صاحب کی فکر کے خلاف کوئی تحقیقی اور ٹھوس کتاب لکھی جائے جسکا لہجہ نرم انداز سلیس اور غیر جارحانہ ہوتو ممنون رہیں گے، تاکہ جدید طبقے میں اس کو پھیلایا جائے اور اس فکر کی ہولناکیوں سے نئی نسل کو آگاہ کیا جائے ایسے موضوعات میں مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، مولانا سمیع الحق مدظلہ اور مولانا ابوالحسن علی ندویؒ وغیرہ کے اسلوب اور انداز بیان سے کافی رہنمائی کی جاسکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ظاہری وباطنی فتنوں سے امت کو محفوظ رکھے، امین۔ مضبوط جلد بندی، اعلیٰ کاغذ، اور مناسب کتابت پر مشتمل یہ علمی سوغات مولانا احسن خدامی مکان نمبر ۴ گلی نمبر ۸۲ محمود سٹریٹ، محلہ سردار پورہ اچھرہ لاہور سے ۲۰۰ روپے بغیر ڈاک خرچ دستیاب ہے۔ 0307-5687800

- **اسراف کیا ہے؟** ....مولانا قاری اسد اللہ حقانی

ضخامت ۳۳۶ صفحات ناشر: دار الحسینی الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور

مولانا قاری اسد اللہ حقانی جامعہ دار العلوم حقانیہ کے ایک ہونہار فاضل، حافظ اور مجوّد قرآن ہونے کیساتھ ساتھ کامیاب مدرس بھی ہیں، جامعہ فریدیہ چارسدہ میں درس وتدریس سے منسلک ہے۔ ان تمام مصروفیات کے باوجود قلم قرطاس سے نہایت درجے کی محبت ودلچسپی اور تصنیف وتالیف کا ملکہ رکھتے ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب ''اسراف کیا ہے؟'' قاری صاحب کی ذوق وشوق کا مرہون منت ہے جسمیں انہوں نے اسراف کے متعلق تمام امور کو جمع کیا ہے۔ اسراف وتبذیر قرآن وحدیث اور اقوال وآثار کے روشنی میں، اسراف کی چند مختلف صورتیں قرآن سے، عقائد میں حد سے تجاوز، عبادات بدنیہ میں اسراف، عبادات مالیہ میں اسراف، اکل وشرب میں اسراف، اکل حرام اور اسراف، حالت اکراہ واضطرار میں اسراف، رسم ورواج میں اسراف، لباس میں اسراف، کلام میں اسراف، شوقیہ اشیاء میں مال صرف کرنا، کھیل کھود میں